NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE CONSTITUTIONAL (AMENDMENT) BILL, 2019

I, the Chairman of Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend The Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Amendment) Bill, 2019] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 23rd April, 2019.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mr. Riaz Fatyana**	Chairman
2.	Mr. Atta Ullah	Member
3.	Mr. Lal Chand	Member
4.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
5.	Ms. Kishwer Zehra	Member
6.	Ms. Maleeka Ali Bokhari	Member
7.	Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel	Member
8.	Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana	Member
9.	Agha Hassan Baloch	Member
10.	Mr. Sher Ali Arbab	Member
11.	Ms. Shunila Ruth	Member
12.	Mr.Saad Waseem	Member
13.	Rana Sana Ullah Khan	Member
14.	Ch. Mehmood Bashir Virk	Member
15.	Mr. Usman Ibrahim	Member
16.	Khawaja Saad Rafique	Member
17.	Syed Hussain Tariq	Member
18.	Syed Naveed Qamar	Member
19.	Dr. Nafisa Shah	Member
20.	Ms. Aliya Kamran	Member
21.	Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem Minister for Law and Justice	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at Annex-A, in its meetings held on the 2nd, 7th, 15th and 16th May, 10th June, 2nd and 03rd July 2019. The Committee recommends that a Parliamentary Committee/Special Committee shall be constituted to consider the Bill along with other similar Bills.

Sd/-
TAHIR HUSSAIN
Secretary
Islamabad, the 25th October .2019

Sd/-
(RIAZ FATYANA)
Chairman

ANNEX - A

AS REPORTED BY THE STANTING COMMITTEE

A

BILL

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. Short title and commencement.- (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Act, 2019.

(2) It shall come into force at once.

2. Amendment of Article 1 of the Constitution.- In the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 1, in clause (2), for paragraph (a) the following shall be substituted, namely,-

"(a) the Provinces of Bahawalpur, Balochistan, Janubi Punjab, Khyber Pakthunkhwa, the Punjab, and Sindh;

Explanation.- The Province of Bahawalpur shall comprise the existing administrative division of Bahawalpur and the Province of Janubi Punjab shall comprise the existing administrative divisions of Dera Ghazi Khan and Multan. Bahawalpur. Dera Ghazi Khan and Multan Divisions shall stand excluded from the Province of the Punjab."

3. Amendment of Article 51 of the Constitution.- In the Constitution, in Article 51,-

(a) in clause (3), for the Table the following shall be substituted, namely,-

	General seats	Women seats	Total seats
Bahawalpur	15	3	18
Balochistan	16	4	20
Janubi Punjab	31	7	38
Khyber Pakhtunkhwa	45	10	55
Punjab	95	22	117
Sindh	61	14	75
Federal Capital	3	--	3
Total	**266**	**60**	**326**

(b) for clause (3A) the following shall be substituted, namely,-

"(3A) Notwithstanding anything contained in clause (3) or any other law for the time being in force, the members of the National Assembly from the Federally Administered Tribal Areas elected in the general elections, 2018 and women elected on reserved seats from the Punjab to the National Assembly shall continue till dissolution of the on-going National Assembly and thereafter this clause shall stand omitted."

4. **Amendment of Article 59 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 59,-

(1) in clause (1),-

(a) for the words "ninety-six" the words "one hundred and forty-two" shall be substituted;

(b) in paragraph (f), for the word "four" the word "six" shall be substituted;

(2) in clause (3), in paragraph (f) and proviso thereto, for the word "two" occurring thrice, the word "three" shall be substituted.

(3) after clause (3A), the following new clauses (3B) and (3C) shall be inserted, namely,-

"(3B) Notwithstanding the provisions of clause (3) or any other law for the time being in force, of the members elected by the Provincial Assemblies of the new Provinces of Bahawalpur and Janubi Punjab,

(a) under paragraph (a), seven shall retire in March 2021 and seven shall retire in March 2024;

(b) under paragraph (d), two shall retire in March 2021 and two shall retire in March, 2024;

(c) under paragraph (e), two shall retire in March 2021 and two shall retire in March, 2024; and

(d) under paragraph (f), one shall retire in March 2021 and one shall retire in March, 2024;

(3C) Notwithstanding the provisions of clauses (1) and (3) or any other law for the time being in force, members elected from the Province of the Punjab prior to the creation of the new Provinces of Bahawalpur and Janubi Punjab shall complete their respective terms of office and thereafter this clause and clause (3B) shall stand omitted."

5. **Amendment of Article 106 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 106,-

(a) in clause (1), for the Table the following shall be substituted, namely,-

	General seats	Women	Non-Muslims	Total
Bahawalpur	31	7	1	39
Balochistan	51	11	3	65
Janubi Punjab	64	14	2	80
Khyber Pakhtunkhwa	115	26	4	145
Punjab	202	45	5	252
Sindh	130	29	9	168 "

(b) after clause (1) amended as aforesaid, the following new clause (1A) shall be inserted, namely,-

"(1A) Notwithstanding anything contained in clause (1) or any other law for the time being in force, members of the Provincial Assembly of the Punjab elected in the general elections, 2018 on reserved seats for women and Non-Muslims shall continue till dissolution of the Provincial Assembly and thereafter this clause, including the proviso, shall stand omitted:

Provided that a woman member or a Non-Muslim member elected on a reserved seat to the Provincial Assembly of the Punjab having a domicile in Bahawalpur or Janubi Punjab Province may opt to be a member of the Provincial Assembly of that Province."

6. **Amendment of Article 154 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 154, after clause (1), the following new clauses shall be added, namely,-

"(1 A) As and when new Provinces or territories are included in the territories comprising Pakistan under Article 1, the Council shall determine, within three months, the apportionment, distribution, adjustment, allocation and transfer among the Federal Government and Provincial Governments of the existing and new Provinces or territories;

(a) water and other natural resources;

(b) present employees and future job quotas in the civil bureaucracy;

(c) physical, monetary and other assets and liabilities and rights, and

(d) other ancillary matters; and

(1 B) The determination under clause (1) shall be based on recommendations of a National Commission for New Provinces comprising eminent and reputable technical, financial, legal and other experts to be constituted by the Speaker, National Assembly in consultation with Chairman Senate and Leaders of the House and Leaders of Opposition, for this purpose and for consideration of proposals for new Provinces referred thereto by resolutions of both Houses."

7. **Amendment of Article 175A of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 175A, after clause (6), the following new clause (6A) shall be inserted , namely:-

"(6A) For initial appointment of the Chief Justice and Judges of the Bahawalpur and Janubi Punjab High Courts, the Chief Justice of the Lahore High Court shall also be a member of the Commission."

8. **Amendment of Article 198 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 198,-

(a) after clause (1A), the following new clause (1B) shall be inserted, namely:-

"(1B) The High Court for Bahawalpur shall have its principal seat at Bahawalpur, and the High Court for Janubi Punjab shall have its principal seat at Multan."

(b) in clause (3), for the words "each at Bahawalpur, Multan and" the word "at" shall be substituted.

9. **Amendment of Article 218 of the Constitution.-** In the Constitution, in Article 218, in clause (2), in sub clause (b) for the word "four" the word "six" shall be substituted.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Provincial Assembly of the Punjab had passed two separate Resolutions on 9th May, 2012 for the restoration of the provincial status of Bahawalpur and creation of a new province of Janubi Punjab. The Resolutions were supported by members from political parties on both sides of the House.

People from the erstwhile state of Bahawalpur and people from Janubi Punjab continue to press for establishment of new provinces of Bahawalpur and Janubi Punjab respectively. This Constitution amendment Bill seeks to meet their very genuine demand by restoring the provincial status of Bahawalpur (comprising the existing administrative division of Bahawalpur) and creating the province of Janubi Punjab (comprising the existing administrative divisions of Dera Ghazi Khan and Multan

Sd/-

Rana Sana Ullah Khan	**~~Mr. Ahsan Iqbal Chaudhary~~**
~~Rana Tanveer Hussain~~	**~~Mian Najeeb Ud Din Awaisi~~**
~~Mr. Abdul Rehman Khan Kanju~~	~~Members, National Assembly~~

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

دستور (ترمیمی) بل،۲۰۱۹ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں،چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف ۲۳؍اپریل،۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کے بل [دستور(ترمیمی)بل،۲۰۱۹ء](نجی رکن کابل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں ۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	جناب ریاض فتیانہ	چیئرمین
۲۔	جناب عطاءاللہ	رکن
۳۔	جناب لال چند	رکن
۴۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۵۔	محترمہ کشور زہرا	رکن
۶۔	محترمہ ملیکہ علی بخاری	رکن
۷۔	جناب محمد ثناءاللہ خان مستی خیل	رکن
۸۔	ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ	رکن
۹۔	آغا حسن بلوچ	رکن
۱۰۔	جناب شیر علی ارباب	رکن
۱۱۔	محترمہ شنیلہ روت	رکن
۱۲۔	جناب سعد وسیم	رکن
۱۳۔	رانا ثناءاللہ خان	رکن
۱۴۔	چوہدری محمود بشیر ورک	رکن
۱۵۔	جناب عثمان ابراہیم	رکن
۱۶۔	خواجہ سعد رفیق	رکن
۱۷۔	سید حسین طارق	رکن
۱۸۔	سید نوید قمر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر نفیسہ شاہ	رکن
۲۰۔	محترمہ عالیہ کامران	رکن
۲۱۔	بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم وزیر برائے قانون وانصاف	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲؍،۷؍،۱۵؍اور ۱۶؍مئی،۱۰؍جون،۲؍اور ۳؍جولائی،۲۰۱۹ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ ایک پارلیمانی کمیٹی؍خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے جو بل ہذا مع دیگر مشابہہ بلوں پر غور کرے۔

دستخط؍۔

(ریاض فتیانہ)

چیئرمین

دستخط؍۔

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد، ۲۵؍اکتوبر،۲۰۱۹ء

"منسلکہ الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **دستور کے آرٹیکل ا کی ترمیم:** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں، جس کا بعد ازیں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، آرٹیکل ا میں، شق (۲) میں، پیرا (الف) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(الف) بہاولپور، بلوچستان، جنوبی پنجاب، خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ کے صوبہ جات؛

وضاحت:۔ صوبہ بہاولپور، بہاولپور کی موجودہ انتظامی ڈویژن پر مشتمل ہوگا اور صوبہ جنوبی پنجاب ڈیرہ غازیخان اور ملتان کی موجودہ انتظامی ڈویژنوں پر مشتمل ہوگا۔ بہاولپور، ڈیرہ غازیخان اور ملتان ڈویژنز صوبہ پنجاب سے خارج شدہ متصور ہوں گی۔"

۳۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۱ کی ترمیم:۔** دستور میں، آرٹیکل ۵۱ میں،۔

(الف) شق (۳) میں گوشوارہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

	عام نشستیں	خواتین کی نشستیں	کل نشستیں
بہاولپور	15	3	18
بلوچستان	16	4	20
جنوبی پنجاب	31	7	38
خیبر پختونخوا	45	10	55
پنجاب	95	22	117
سندھ	61	14	75
وفاقی دارالحکومت	03	-	3
میزان	266	60	326

(ب) شق (۳الف) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۳الف) شق (۳) یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوجود، عام انتخابات، ۲۰۱۸ء میں وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں سے منتخب اراکین قومی اسمبلی اور پنجاب سے قومی اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر

منتخب ہونے والی خواتین کی رکنیت قومی اسمبلی تحلیل ہونے تک جاری رہے گی اوراس کے بعد یہ شق حذف شدہ متصور ہوگی۔"

۴۔ **دستور کے آرٹیکل ۵۹ کی ترمیم:۔** دستور میں، آرٹیکل ۵۹ میں،۔

(۱) شق(۱) میں۔

(الف) لفظ "چھیانوے" کی بجائے الفاظ "ایک سو بیالیس" تبدیل کر دیئے جائیں گے؛

(ب) پیرا(و) میں، لفظ "چار" کی بجائے لفظ "چھ" تبدیل کر دیا جائے گا؛

(۲) شق(۳) میں، پیرا(و) اور اس کے جملہ شرطیہ میں، تین مرتبہ آنے والے لفظ "دو" کو لفظ "تین" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۳) شق(۳/الف) کے بعد، درج ذیل نئی شقات(۳ب) اور(۳ج) شامل کر دی جائیں گی، یعنی:۔

"(۳ب) شق(۳) کی تصریحات یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کے باوجود، بہاولپور اور جنوبی پنجاب کے نئے صوبوں کی صوبائی اسمبلیوں کی جانب سے منتخب کردہ اراکین میں سے،

(الف) پیرا(الف) کے تحت، سات اراکین مارچ،۲۰۲۱ء میں اور سات اراکین مارچ،۲۰۲۴ء میں سبکدوش ہو جائیں گے؛

(ب) پیرا(د) کے تحت، دو اراکین مارچ،۲۰۲۱ء میں اور دو اراکین مارچ،۲۰۲۴ء میں سبکدوش ہو جائیں گے؛

(ج) پیرا(ہ) کے تحت، دو اراکین مارچ،۲۰۲۱ء میں اور دو اراکین مارچ،۲۰۲۴ء میں سبکدوش ہو جائیں گے؛اور

(د) پیرا(و) کے تحت، ایک رکن مارچ،۲۰۲۱ء میں اور ایک رکن مارچ،۲۰۲۴ء میں سبکدوش ہو جائے گا؛

(۳ج) شقات(۱) اور(۳) کی تصریحات یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون کے باوجود، بہاولپور اور جنوبی پنجاب کے نئے صوبوں کے قیام سے قبل پنجاب کے صوبے سے منتخب اراکین اپنے عہدوں کی مدت مکمل کریں گے اور اس کے بعد یہ شق اور شق(۳ب) حذف شدہ متصور ہوں گی۔"

۵۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۰۶ کی ترمیم:۔** دستور میں، آرٹیکل ۱۰۶ میں،۔

(الف) شق(۱) میں، گوشوارہ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

	عام نشستیں	خواتین	غیر مسلم	کل
بہاولپور	31	7	1	39
بلوچستان	51	11	3	65
جنوبی پنجاب	64	14	2	80
خیبر پختونخوا	115	26	4	145
پنجاب	202	45	5	252
سندھ	130	29	9	"168

(ب) مذکورہ بالا طور پر ترمیم شدہ شق(۱) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (۱ر الف) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۱ر الف) بلالحاظ اس امر کے کہ شق(۱) یا فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں کچھ مذکورہ ہو، عام انتخابات، ۲۰۱۸ء میں خواتین اور غیر مسلموں کی مخصوص نشستوں پر منتخب پنجاب کی صوبائی اسمبلی کے اراکین صوبائی اسمبلی کی تحلیل تک برقرار رہیں گے اور اس کے بعد جملہ شرطیہ سمیت یہ شق حذف شدہ متصور ہو گی:

مگر شرط یہ ہے کہ بہاولپور یا جنوبی پنجاب صوبے کے ڈومیسائل کے حامل پنجاب کی صوبائی اسمبلی کی مخصوص نشست پر منتخب ہونے والی خاتون رکن یا غیر مسلم رکن کو اس صوبے کی صوبائی اسمبلی کا رکن بننے کا اختیار حاصل ہو گا۔"

۶۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۵۴ کی ترمیم**:۔ دستور میں، آرٹیکل ۱۵۴ میں شق(۱) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۱ر الف) جب کبھی نئے صوبوں یا علاقوں کو آرٹیکل ۱ کے تحت پاکستان قرار پانے والے علاقوں میں شامل کیا جائے گا تو کونسل تین ماہ کے اندر اندر وفاقی حکومت اور موجودہ اور نئے صوبوں یا علاقوں کی صوبائی حکومتوں کے مابین بٹوارہ، تقسیم، تطبیق، تخصیص اور منتقلی کا تعین کرے گی؛

(الف) پانی اور دیگر قدرتی وسائل؛

(ب) موجودہ ملازمین اور سول افسر شاہی میں مستقبل کے ملازمتی کوٹاجات؛

(ج) طبعی، زری اور دیگر اثاثہ جات اور ذمہ داریوں اور حقوق؛ اور

(د) دیگر ضمنی معاملات؛ اور

(۱رب) شق(۱) کے تحت تعین اسپیکر، قومی اسمبلی کی جانب سے چیئرمین سینیٹ اور قائدین ایوان اور قائدین حزب اختلاف کے ساتھ مشاورت سے اس مقصد کے لئے اور دونوں ایوانوں کی قراردادوں کے ذریعے اسے سپرد کردہ نئے

صوبوں کی بابت تجاویز پر غور کے لئے مشہور و ممتاز فنی، مالی، قانونی اور دیگر ماہرین پر مشتمل نئے صوبوں کے لئے قائم کئے جانے والے قومی کمیشن کی سفارشات کی بنیاد پر ہوگا۔"

(۴)

۷۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۷۵/الف کی ترمیم**:۔ دستور میں، آرٹیکل ۱۷۵/الف میں، شق (۶) کے بعد حسب ذیل نئی ذیلی شق (۶/الف) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۶/الف) بہاولپور اور جنوبی پنجاب ہائیکورٹوں کے چیف جسٹس صاحبان اور ججوں کی ابتدائی تقرری کے لئے لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحب بھی کمیشن کے رکن ہوں گے۔"

۸۔ **دستور کے آرٹیکل ۱۹۸ کی ترمیم**:۔ دستور میں، آرٹیکل ۱۹۸ میں،۔

(الف) شق (۱/الف) کے بعد حسب ذیل نئی شق (۱/ب) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

"(۱/ب) ہائی کورٹ بہاولپور کی صدر نشست بہاولپور میں ہوگی اور ہائیکورٹ جنوبی پنجاب کی صدر نشست ملتان میں ہوگی۔"

(ب) شق (۳) میں، الفاظ "ہر ایک بہاولپور، ملتان میں اور" کی بجائے لفظ "میں" تبدیل کر دیا جائے گا۔

۹۔ **دستور کے آرٹیکل ۲۱۸ کی ترمیم**:۔ دستور میں، آرٹیکل ۲۱۸ میں، شق (۲) میں، ذیلی شق (ب) میں، لفظ "چار" کو لفظ "چھ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

بیان اغراض و وجوہ

پنجاب کی صوبائی اسمبلی نے ۹/مئی، ۲۰۱۲ء کو بہاولپور کی صوبائی حیثیت بحال کرنے اور جنوبی پنجاب کا نیا صوبہ بنانے اور کی دو علیحدہ علیحدہ قراردادیں منظور کی تھیں۔ ایوان کے دونوں جانب کی سیاسی جماعتوں کے اراکین نے ان قراردادوں کی حمایت کی۔

سابقہ ریاست بہاولپور اور جنوبی پنجاب کے لوگ علی الترتیب جنوبی پنجاب اور بہاولپور کے نئے صوبوں کے قیام پر مسلسل زور دیتے رہے ہیں۔ اس آئینی ترمیمی بل کا مقصد بہاولپور (جو بہاولپور کے موجودہ انتظامی ڈویژن پر مشتمل ہے) کی صوبائی حیثیت کو بحال کرنے اور جنوبی پنجاب (جو ڈیرہ غازیخان اور ملتان کی موجودہ انتظامی ڈویژنز پر مشتمل ہے) کا صوبہ تخلیق کرنے کے انتہائی جائز مطالبات کو پورا کرنا ہے۔

دستخط:۔

رانا ثناء اللہ خان	جناب احسن اقبال چوہدری
رانا تنویر حسین	میاں نجیب الدین اویسی
جناب عبدالرحمن خان کانجو	اراکین، قومی اسمبلی۔